تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بزیچ سے ضلع کیچ کے کاروباری حضرات، بارڈر نمائندگان اور انجمن تاجران کیچ کے وفد نے ملاقات کیا۔ ملاقات میں پاک ایران بارڈر بندش کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال اور اس کے منفی اثرات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کیچ کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر بارڈر نمائندگان، انجمن تاجران کیچ کے عہدیداران سمیت کثیر تعداد میں متعلقہ افراد موجود تھے۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بزیچ نے واضح اور دوٹوک انداز میں کہا کہ سوراب بارڈر کو چند ہی دنوں میں کاروباری سرگرمیوں کیلئے کھول دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کیچ کی جانب سے تمام انتظامی و سیکورٹی معاملات طے پا چکے ہیں، بارڈر پر باڑ لگانے کا کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ صرف گیٹ کی تنصیب باقی ہے جس پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے مزید کہا کہ جیسے ہی گیٹ کی تنصیب مکمل ہوگی، سوراب بارڈر کو باقاعدہ طور پر تجارت کیلئے کھول دیا جائے گا، جس سے نہ صرف سرحدی تجارت بحال ہوگی بلکہ علاقے میں بیروزگاری کے خاتمے اور معاشی استحکام میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 14

اساتذہ کی بھرتیوں میں اسکینڈل پر اینٹی کرپشن متحرک، ریکارڈ ضبط

ایس ایس جے ٹیچرز بھرتی کی ساجدہ نورین، ایجوکیشن کیڈر اور ایس ای ایس پی چیئرمین فیصل کا کرطلب

600 مبینہ فیل طالبات کو پاس اور اربوں روپے کرپشن کے الزامات عائد ہیں

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں سرکاری اسکولز میں اساتذہ کی بھرتیوں کے اسکینڈل میں اینٹی کرپشن بلوچستان نے کارروائی شروع کر دی ہے' مبینہ کرپشن کے الزامات سامنے آنے کے بعد اینٹی کرپشن نیم نے شہباز ٹاؤن، جناح ٹاؤن اور دیگر ملحقہ علاقوں میں نجی دفاتر اور اداروں پر چھاپے مار کر اہم ریکارڈ ضبط کیا خیال رہے کہ اساتذہ کی تقرریوں کے..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

لئے پیسوں کے عوض بھرتیوں کے الزامات سامنے آئے تھے، جس کے بعد تحقیقات شروع کی گئیں اینٹی کرپشن نے اس سلسلے میں ایس بی کے ویمن یونیورسٹی کی سابق وائس چانسلر ساجدہ نورین، پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر احمد اور سی ٹی ایس پی کے چیئرمین کوئٹہ فیصل کاکڑ کو بھی طلب کر لیا ہے ان پر 600 مبینہ فیل طالبات کو پاس کرنے اور اربوں روپے کرپشن کے الزامات عائد کئے گئے ہیں

بلوچستان ہائیکورٹ، پلوں کی تعمیر سے متعلق رپورٹ طلب

سبزی و پھل فروش، گاڑیوں کیلئے مخصوص مقامات کا پلان پیش کرنے کا حکم

کرسمس کے پیش نظر تعمیراتی کام کو جلد مکمل کرنے کی استدعا عدالت میں پیش

کوئٹہ (خ ن) عدالتِ عالیہ بلوچستان کے چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ایڈووکیٹ سید نذیر احمد آغا کی جانب سے دائر آئینی درخواست بنام چیف سیکرٹری حکومت بلوچستان و دیگر کی سماعت کی۔ سماعت..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

کے دوران ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان محمد اسحاق نصیر نے رفیق بلوچ، پروجیکٹ ڈائریکٹر چیف منسٹرز پیکج فار کوئٹہ ڈویلپمنٹ (CMPQD) کے ہمراہ انسٹکسب روڈ اور زرغون روڈ کے مختلف منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت سے متعلق تصویری شواہد کے ساتھ رپورٹ پیش کی۔ عدالت نے پراجیکٹس کے وہ حصے جو تسلی بخش قرار دیے گئے، ریکارڈ کا حصہ بنا لیے۔ عدالت کے نوٹس پر موجود ایڈووکیٹ ایسٹر مہک نے یادگار کی بروقت تکمیل سے متعلق تجاویز پیش کرتے ہوئے بتایا کہ میتھوڈسٹ چرچ کے متعلقہ حکام PD، CMPQD کے ساتھ مکمل تعاون کر رہے ہیں۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ کرسمس کے پیش نظر تعمیراتی کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ عدالت نے PD کو ہدایت کی کہ وہ فوری ضروری اقدامات کرتے ہوئے تعمیراتی کام میں تیزی لائیں اور بطور اولین ترجیح امداد چوک کے کونے پر توجہ مرکوز کریں۔ سریاب سروس روڈ اور اسٹارم واٹر ڈرین سے متعلق پیش رفت رپورٹ بھی عدالت میں پیش کی گئی، جس کے مطابق طوفانی پانی کا ڈرین 98 فیصد تک مکمل ہو چکا ہے۔ مجموعی لمبائی 15,905 میٹر ہے، جن میں سے 15,675 میٹر مکمل جبکہ صرف 230 میٹر کام باقی ہے۔ اسی طرح سڑک کی تعمیر کے حوالے سے بتایا گیا کہ 15,140 میٹر میں سے 13,500 میٹر تک اسفالٹ بیس کورس مکمل کر لیا گیا ہے اور باقی کام جاری ہے۔ دلائل کے دوران نشاندہی کی گئی کہ ایئرپورٹ روڈ پر ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ آزمائشی بنیادوں پر نصب کیا جا چکا ہے جبکہ سولرائزیشن کے ذریعے انرجائزیشن کا عمل جاری ہے، جو جلد مکمل ہونے کے بعد پلانٹ کو فعال بنا دیا جائے گا۔

انفارمیشن سسٹم کمیٹی کے امور میں کردار ادا کر رہا ہے' علی اصغر ترین

یورپی یونین کے وفد کا دورہ بلوچستان اسمبلی چیئرمین پی اے سی سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ پارلیمان پراجیکٹ آف یورپی یونین کے ایک وفد نے بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کا دورہ کیا، جہاں وفد کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اور اس کے منفرد سافٹ ویئر سسٹم (PACIS) سے متعلق بریفنگ دی گئی یہ سافٹ ویئر اس وقت پاکستان میں اپنی نوعیت کا واحد فعال نظام ہے۔ جو کہ ایک پیپرلیس نظام ہے وفد کو چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین نے کمیٹی کے افسران اور عملے کے ہمراہ تفصیلی بریفنگ دی۔ محکمہ..... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمان ٹیم لسلنٹس پر مشتمل تھی، میٹنگ کا مقصد پی اے سی بلوچستان کا سافٹ ویئر قومی اسمبلی کی سطح پر متعارف کرانے کا منصوبہ ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین اصغر علی ترین نے کہا کہ متعارف کرایا گیا پبلک اکاؤنٹس کمیٹی انفارمیشن سسٹم کمیٹی کے امور کو موثر بنانے میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے انہوں نے کہا کہ اس نظام کے ذریعے طریقہ کار میں بہتری آئی ہے، تمام محکموں کے ساتھ رابطہ آسان ہوا ہے اور دفتری امور کو کامیابی کے ساتھ پیپرلیس ماحول کی جانب منتقل کیا گیا ہے جس سے کاغذ اور وقت کی بچت ہوتی ہے

جوان ڈیوٹی کو اپنا اولین فرض سمجھ کر ادا کیا کریں، کمانڈنٹ بی سی

جوان ہمت و بہادری کے ساتھ سماج دشمن عناصر کا مقابلہ کریں، بذات خود جوانوں کی ویلفیئر کے لئے دن رات کام کر رہا ہوں

جوانوں کیلئے نئے پارکس اور فزیکل فٹنس کیلئے سپورٹس فیسیلیٹز کا انعقاد کیا جائیگا اور نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی کی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل IGP / کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے گذشتہ روز 104 پاسنگ آؤٹ پریڈ پولیس ٹریننگ کالج میں بلوچستان کانسٹیبلری کے پوزیشن ہولڈرز جوانوں کو تعریفی اسناد بمعہ نقد انعامات سے نوازا۔ جن میں RC/4497 قدرت اللہ فائرنگ میں پہلی پوزیشن، RC/3891 نیاز محمد آل راؤنڈ پہلی پوزیشن (لاء)، C/4707 جمیل احمد پہلی پوزیشن ڈرل، C/2419 پرویز اختر پہلی پوزیشن فائرنگ حاصل کیں۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے کہا کہ ہر محنتی جوان کی حوصلہ افزائی کی جائیگی جو محکمہ پولیس میں محنت کرے گا وہ آگے جائیگا۔ ایڈیشنل IGP/ کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے کہا کہ تمام جوان ڈیوٹی کو اپنا فرض سمجھ کر ادا کیا کریں اور جوان مردی کے ساتھ سماج دشمن عناصر کا مقابلہ کریں۔ ایڈیشنل IGP/ کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے کہا کہ میں جوانوں کی ویلفیئر کے لئے دن رات کام کر رہا ہوں اور ہر جوان کو ویلفیئر کے سہولیات فراہم کی جائینگی۔ ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے کہا کہ جوانوں کے لیے نئے پارکس اور فزیکل فٹنس کے لیے سپورٹس فیسیلیٹز کا انعقاد کیا جائیگا اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے جوانوں کی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔

کوئٹہ کی ترقی کیلئے شہری انتظامیہ کیساتھ تعاون کریں، ایڈمنسٹریٹر

میونسپل کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ باہمی تعاون سے کوئٹہ کو ایک صاف، منظم اور خوبصورت شہر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہیں

کوئٹہ ہم سب کا مشترکہ شہر ہے اور اس کی خوبصورتی، صفائی اور بہتر نظم و نسق ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ شہر کے حقیقی حسن کو نکھارنے، شہری مسائل کے مؤثر حل اور بہتر شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے میونسپل کارپوریشن کوئٹہ کے دفتر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمٰن کھرانی نے کی جبکہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ، ٹریفک بیورو، ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، میونسپل انجینئر سمیت مختلف محکموں کے متعلقہ افسران بھی شریک تھے۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے تمام ٹریفک سگنلز کو مکمل طور پر فعال کرنے، غیر قانونی تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرنے، حادثات کی روک تھام کے لیے مختلف مقامات پر اسپیڈ بریکرز کی تنصیب، اہم شاہراہوں اور گرین بیلٹس پر شجرکاری کے فروغ اور مرکزی سڑکوں کی دیواروں کو خوبصورت اور معیاری پینٹنگز سے آراستہ کرنے پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا مزید براں اجلاس میں شہر میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ تمام منصوبے مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ شہریوں کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے باہمی رابطہ اور فیلڈ مانیٹرنگ کو مزید مؤثر بنایا جائیاس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ کوئٹہ ہم سب کا مشترکہ شہر ہے اور اس کی خوبصورتی، صفائی اور بہتر نظم و نسق ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے بلاتفریق اقدامات کیے جائیں گے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمٰن کھرانی نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ باہمی تعاون سے کوئٹہ کو ایک صاف، منظم اور خوبصورت شہر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ شہر کی بہتری اور صفائی کے لیے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 15

ایجنڈے کی کارروائی موخر اجلاس ملتوی

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں بسم اللہ کاکڑ کی خدمات کو خراج عقیدت پیش

بسم اللہ کاکڑ نے حلقہ کیلئے بہت زیادہ خدمات انجام دیں، انجینئر زمرک، علی مدد جتک کی استدعا پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی

ہدایت الرحمٰن کا نیوٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس، زابد ریکی نے ناگ تاواشک دو سال میں بھی مکمل نہ ہونے کی جانب توجہ دلائی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سابق صوبائی وزیر بسم اللہ کاکڑ کے انتقال پر بلوچستان اسمبلی کے ایجنڈے کی کارروائی موخر، اسپیکر نے اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کر دیا۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس پیر کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں 45 منٹ کی تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن علی مدد جتک نے اسپیکر سے استدعا کہ سابق صوبائی وزیر بسم اللہ کاکڑ کے ایصال ثواب کیلئے ایوان میں فاتحہ خوانی کرائی جائے۔ جس پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی۔ عوامی نیشنل پارٹی کے رکن انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ بسم اللہ خان کاکڑ کا تعلق میرے حلقہ سے تھا اور حلقہ کیلئے انہوں نے بہت زیادہ خدمات انجام دیں، مرحوم نے پی ایس ایف سے اپنی عملی سیاست کا آغاز کیا اور پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سمیت مرکزی عہدوں پر فائز رہے، یہ ایوان بسم اللہ خان کاکڑ کو ان کی سیاسی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے اپنا توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر منصوبہ بندی و ترقیات کی توجہ مبذول کرتے ہوئے استفسار کیا کہ نیوٹاؤن ہاوسنگ اسکیم گوادر جو گزشتہ کئی سالوں سے جاری ہے مذکورہ ہاؤسنگ اسکیم کے الاٹیز کو بقایا پلاٹس کب تک فراہم کئے جائیں گے۔ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم میں 990 لوگوں کو پلاٹس الاٹ کئے گئے مگر 600 لوگوں کو تا حال نہیں ملے۔ اسپیکر نے مذکورہ اسکیم کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن زابد علی ریکی نے توجہ دلاو نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر مواصلات و تعمیرات کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ ناگ تاواشک روڈ 70 کلومیٹر پر تعمیراتی کام دو سال گزرنے کے باوجود مکمل نہیں ہوا ہے جس کی وجہ سے علاقے کے لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے، سست روی کی کیا وجوہات ہیں نیز مذکورہ روڈ پر تعمیراتی کام کب تک مکمل ہوگا اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے منصوبے سے متعلق تفصیلات ایوان مین پیش کرتے ہوئے کہا کہ منصوبہ کا پی سی ون درست نہیں بلوچستان کی کئی اسکیمیں گراونڈ کے بجائے ڈرائنگ رومز میں بنتی ہیں، ہم ایسی اسکیموں کو فنڈز جاری نہیں کرتے۔ اسپیکر نے کہا کہ غلط پی سی ون بنانے والے افسران کے خلاف کارروائی کی جائے۔ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے تحریک پیش کی کہ مجلس کی رپورٹ برقواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء میں مجوزہ ترامیم کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے جسے ایوان نے منظور کر لیا۔ بعد ازاں اسپیکر نے سابق صوبائی وزیر بسم اللہ کاکڑ کے انتقال پر بلوچستان اسمبلی کے ایجنڈے میں شامل کارروائی موخر کرتے ہوئے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کر دیا۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 6

ڈی آئی جی قلات رینج کا دورہ حب، جرائم میں اضافے پر شدید برہمی

مفرور ملزمان کی گرفتاری، منشیات فروشوں کیخلاف زیرو ٹالرنس اور کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایات

حب (نمائندہ منتخاب) ڈی آئی جی پولیس قلات رینج وزیر خان ناصر حب کے دورے پر پہنچ گئے اس موقع پر کرائم ریویو میٹنگ کانفرنس ہال میں منعقد ہوئی۔ ڈی آئی جی پولیس قلات رینج وزیر خان ناصر کے دورہ حب کے دوران ہفتے کے پہلے روز ڈسٹرکٹ پولیس کے افسران اور ایس ایچ اوز سے تعارفی میٹنگ کی گئی۔ میٹنگ میں ایس پی حب سید فاضل شاہ بخاری کی جانب سے ضلع حب میں سال 2025 کے دوران جرائم کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈی آئی جی پولیس قلات رینج

بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

نے بریفنگ کا بغور جائزہ لیتے ہوئے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ وہ اپنی کارکردگی اور اہداف کو مزید بہتر بنائیں، مفرور و اشتہاری ملزمان کی فوری گرفتاری کو یقینی بنائیں اور چوری و ڈکیتی کی وارداتوں پر موثر کنٹرول کیلئے ٹھوس اقدامات کریں انہوں نے حب شہر سمیت انڈسٹریل ایریا تھانہ جات کی حدود میں جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں بالخصوص گھروں دکانوں کی وارداتوں موٹر سائیکلوں کے چھیننے کے واقعات میں اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے افسران کی سرزنش کی اور کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت دی اور کہا کہ سفارشوں کی بنیاد پر تعیناتیاں حاصل کرنے والے افسران کے بارے میں بھی سب کچھ علم ہے انہوں نے تمام پولیس تھانوں کا ریکارڈ اپنے ہمراہ اپنے دفتر لے جا کر ان پر فیصلہ کرنے کا عندیہ دیا ڈی آئی جی نے رواں سال کے پہلے ماہ کے آخری ایام میں اس وقت کے ایس ایچ او ساکران اور موجودہ ایس ایچ او بائیٹ امین ساسولی کے دور میں ساکران میں پولیس حوالدار دین محمد کی مسلح افراد کے ہاتھوں قتل میں ملوث ملزمان کی عدم گرفتاری پر بھی تشویش کا اظہار کیا ڈی آئی جی پولیس نے موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر تھانوں کی سیکیورٹی کو مزید سخت بنانے، پولیس ملازمین کے تحفظ کیلئے اقدامات، پٹرولنگ اور اسپیچ چیکنگ کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کرتے ہوئے منشیات فروشوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لانے اور دس یوم کے اندر واضح پیش رفت اور مثبت رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت دی۔ مزید برآں ڈی آئی جی پولیس قلات رینج نے کہا کہ ضلع میں امن و امان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پولیس و عوام کے مابین اعتماد کے فروغ کیلئے تمام افسران اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں دیانتداری اور فرض شناسی سے ادا کریں۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر حکمت عملی اپناتے ہوئے قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

2025 ریلوے کیلئے اچھا نہ رہا

جعفر ایکسپریس اور ٹریک 8 مرتبہ تخریب کاری کا نشانہ بنے

حادثات، تاخیر اور بدانتظامی پورے سال جاری رہی، جدید سفری سہولیات کی بجائے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن اور ویٹنگ رومز کو دلکش بنایا گیا

رواں سال دہشتگردی تو کبھی چلتی ٹرین پٹڑی سے اتر گئی، مسافر اور مال بردار ٹرینوں کے مختلف نوعیت کے 95 حادثات ہوئے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلویز کو رواں سال حادثات اور سیلاب کی تباہ کاریوں کا سامنا رہا، مسافروں کو جدید سفری سہولیات تو فراہم نہ ہو سکیں البتہ ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن اور ویٹنگ رومز کو حسین اور دلکش ضرور بنا دیا گیا، ہزاروں اور لاکھوں مسافر گھنٹوں انتظار کی سولی پر لٹکے رہنے کے بعد اپنی منزل مقصود پر جانے والی ریل گاڑیوں کا انتظار کرتے رہے۔ لاہور سمیت کسی بھی بڑے ریلوے اسٹیشن سے کوئی بھی ریل گاڑی اپنے مقررہ وقت پر روانہ نہ ہو سکی، یوں مسافروں اور ریلوے انتظامیہ کے لئے رواں سال جو اپنے اختتام کے قریب ہے مشکلات کا شکار رہا۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق پاکستان ریلویز

بقیہ نمبر 42 صفحہ 5 پر

سے ملنے والے اعداد و شمار کے مطابق سال 2025 بھی ٹرینوں کے حادثات کے حوالے سے انتہائی خوفناک ثابت ہوا، کبھی دہشت گردی تو کبھی چلتی ٹرین اچانک پٹڑی سے اتر گئی۔ کبھی مال گاڑی تو کبھی پسنجر ٹرین پہلے سے کھڑی ریل گاڑیوں سے جا ٹکرائیں۔ اس طرح ریلوے حکام کو ٹرینوں کے متعدد حادثات کا سامنا بھی کرنا پڑتا رہا۔ فیم جنوری سے لے کر 20 دسمبر تک مسافر اور مال بردار ٹرینوں کے پٹڑیوں سے اترنے اور مختلف نوعیت کے 95 حادثے رونما ہو چکے ہیں، جن میں ایک درجن سے زائد مسافر جاں بحق جبکہ سیکڑوں مسافر اور ملازم زخمی بھی ہوئے۔ اعداد و شمار کے مطابق مسافر ٹرینوں کے پٹڑیوں سے اترنے کے 46 حادثات ہو چکے ہیں جبکہ مال بردار ٹرینوں کے 43 حادثے ہوئے اور دو دیگر حادثے شامل ہیں۔ اسی طرح ٹرین میں آگ لگنے کا ایک حادثہ پیش آیا جبکہ ریلوے پھاٹک پر بھی متعدد حادثات ہوئے۔ ان مینڈ لیول کراسنگ پر ایک اور مینڈ لیول کراسنگ پر بھی ایک حادثہ پیش آیا جبکہ کوئٹہ سے چلنے والی جعفر ایکسپریس ٹرین اور ریلوے ٹریک کو 8 مرتبہ تخریب کاری کا نشانہ بھی بنایا گیا۔ ٹرینوں کے حادثات کی وجہ سے پاکستان ریلوے کے انفرااسٹرکچر کو بھی کروڑوں روپے کا نقصان پہنچا، کئی بوگیاں تو پٹڑی سے اتر کر پلٹ گئیں جبکہ پہلے سے کھڑی گاڑی سے ٹکرانے کے باعث انجن بھی تباہ ہو گیا۔ جعفر ایکسپریس ٹرین کو 11 مارچ کو تخریب کاری کا نشانہ بنایا گیا، پھر 18 جون کو جعفر ایکسپریس ٹرین کو دوبارہ نشانہ بنایا گیا۔ پھر دہشت گردوں نے ریلوے ٹریک کو بموں سے اڑا دیا جس کے باعث ٹرین کی 5 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں۔ اسی طرح مختلف اوقات میں جعفر ایکسپریس ٹرین اور ریلوے ٹریک کو کوئٹہ ڈویژن میں تخریب کاری کا نشانہ بنایا گیا۔ 18 جون کو جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد کے قریب تخریب کاری کا نشانہ بنایا گیا۔ ریلوے ٹریک کو دھماکا خیز مواد سے اڑا دیا گیا اور ٹرین کی 5 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں۔ سال 2025 مسافروں اور ریلوے انتظامیہ کے لئے بہت برا رہا جبکہ ریلوے انتظامیہ کی جانب سے صرف کاسمیٹک سرجری کے ذریعے ریلوے اسٹیشن اور ویٹنگ روم کو پرکشش اور خوبصورت بنایا گیا۔ وائی فائی کی سہولت فراہم کی مگر ریلوے انفرااسٹرکچر کو اپ گریڈ کرنے والے کسی منصوبے پر کام شروع نہ ہو سکا جبکہ مسافر منزل مقصود پر پہنچنے کے لئے گھنٹوں انتظار کرتے رہے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated 23 DEC 2025 Page No. 7

ٹریفک پولیس ٹوکن کیلئے گاڑیوں کی خریداری کنٹینر تاخیر پر بلوچستان ہیوی ٹریفک کا ڈھانچہ بدلنے کا فیصلہ

سیکرٹری آر ٹی اے کی تعمیلی رپورٹ پیش، الیکٹرک گاڑیوں کیلئے مجوزہ روٹس کا نقشہ بھی جمع کرا دیا گیا، مزید سماعت 8 جنوری تک ملتوی

سی ایم پی کوئٹہ ڈویلپمنٹ کے مختلف منصوبوں کی پیشرفت سے متعلق رپورٹ پیش، عدالت کی کرسمس کے پیش نظر امداد چوک پر کام میں تیزی لانیکی ہدایت

کوئٹہ (ٹی ٹی ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس نجم الدین میونگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے جلیلہ حیدر کی جانب سے ٹریفک و ٹرانسپورٹ نظام سے متعلق دائر کردہ آئینی درخواست بنام حکومت بلوچستان و دیگر کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران ماہر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کی جانب سے سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن کی تعمیلی رپورٹ عدالت

بقیہ نمبر 49 صفحہ 5 پر

کوئٹہ (ٹی ٹی ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس نجم الدین میونگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ایڈووکیٹ سید نذیر احمد آغا کی جانب سے

بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

دائر آئینی درخواست بنام چیف سیکرٹری صوبہ بلوچستان و دیگر کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان محمد اسحاق نصر، رفیق بلوچ، پراسیکیوٹر ڈائریکٹر چیف منسٹر پیکیج عامر کوئٹہ ڈویلپمنٹ کے سربراہ انکسپکٹر روڈ اور زونل روڈ کے مختلف منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت سے متعلق تصویری شواہد کے ساتھ رپورٹ پیش کی۔ عدالت نے پراجیکٹس سے دو حصے جو فی الحال مکمل قرار دیے گئے، پر پابندی کا خصہ لگائے۔ عدالت کے روبرو موجود ایڈووکیٹ انٹرنیٹ جہک نے بلوچستان کی جانب سے تحریری جواب پیش کرتے ہوئے بتایا کہ میٹھو دست چوکی کے علاقہ کا CMPQDPD کے ساتھ مکمل تعاون کر رہے ہیں۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ کرسمس کے پیش نظر تعمیراتی کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ عدالت نے PD کو ہدایت کی کہ وہ فوری ضروری اقدامات کرتے ہوئے تعمیراتی کام میں تیزی لائیں اور بلوروارڈ میں ترجیح ادا و چوک کے کونے پر قبضہ مزید کریں۔ سربراہ برائن روڈ اور اسٹارم واٹر ڈرین سے متعلق پیشرفت رپورٹ بھی عدالت میں پیش کی گئی، جس کے مطابق طوغانی پانی کا ڈرین 98 فیصد تک مکمل ہو چکا ہے۔ مجموعی لمبائی 15,905 میٹر ہے، جن میں سے 15,675 میٹر مکمل جبکہ صرف 230 میٹر کام باقی ہے۔ اسی طرح سڑک کی تعمیر کے حوالے سے بتایا گیا کہ 15,140 میٹر میں سے 13,500 میٹر تک اسفالٹ بیس کورس مکمل کر لیا گیا ہے اور باقی کام جاری ہے۔ رائلٹی کے دوران شناخت کی گئی کہ ایریا پورٹ روڈ پر ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ آزمائشی بنیادوں پر نصب کیا جا چکا ہے جبکہ سولرائزیشن کے ذریعے انرجیائزیشن کا عمل جاری ہے۔ جو عمل مکمل ہونے کے بعد پلانٹ فعال بنایا جائے گا۔ اس کے علاوہ شہر کے چار دیگر مقامات پر بھی ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کی تنصیب سے متعلق تجویز پیش کی گئیں۔ CMPQDPD نے عدالت کو بتایا کہ ڈرائیو کا کام تقریباً 90 فیصد مکمل ہو چکا ہے جبکہ اسفالٹ بیس کورس بچھانے کا کام جاری ہے۔ سربراہ روڈ کے دونوں سے متعلق پراجیکٹ ڈائریکٹر مقبول احمد نے تصویری شواہد اور تکنیکی کمیٹی کی رپورٹ کے ساتھ رپورٹ پیش کرنے کے لیے مہلت طلب کی، جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ کیسکو کی جانب سے ایڈووکیٹ غلام مصطفیٰ بزدار نے بتایا کہ کیسکو PD کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہوئے HT اور LT الیکٹرک لائنوں کے کھمبوں کی منتقلی یقینی بنائے گا تاکہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ ختم کی جا سکیں۔ PD نے بھی اس تعاون کو سراہتے ہوئے بتایا کہ منصوبہ بندی مکمل ہے اور ضرورت پڑنے پر کیسکو سے مزید تعاون حاصل کیا جائے گا۔ کوئٹہ کنٹونمنٹ بورڈ کے ایڈووکیٹ راحیل ہاشم کاکڑ نے عدالت کو آگاہ کیا کہ کنٹونمنٹ روڈ پر تجاوزات کے خاتمے کے لیے انتظامی سماعت کی کمی کے باعث مشکلات درپیش ہیں اور اس ضمن میں مناسب اقدامات جاری کرنے کی استدعا کی۔ عدالت نے مشاہدہ کیا کہ کنٹونمنٹ روڈ کی توسیع سے قبل یکلیر پارک کے اطراف فٹ پاتھ پر پھل فروشوں کا قبضہ خلاف ورزی ہے اور سڑک کی توسیع کے بعد اب یہی فروش اپنی گاڑیاں سڑک پر کھڑی کر رہے ہیں، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے۔ عدالت نے PD کو ہدایت کی کہ وہ پھل فروشوں اور گاڑیوں کے لیے جامع منصوبہ تیار کرے۔ CMPQDPD نے لاہور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ماڈل کے مطابق ہری و پھل فروش گاڑیوں کے لیے مخصوص مقامات ڈیزائن اور تعمیر کرنے پر آمادگی ظاہر کی، جس پر عدالت نے ایگزیکٹو آفیسر PD/QCB کے ساتھ فوری اجلاس یقینی بنانے اور منصوبے پر تیزی سے عملدرآمد کی ہدایت کی۔ عدالت نے حکم دیا کہ اس سلسلے میں جامع رپورٹ آئندہ سماعت پر پیش کی جائے۔ کیس کی مزید سماعت 5 اور 6 جنوری 2026 تک ملتوی کر دی گئی۔ عدالتی حکم کی نقل ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے دفتر کو ارسال کرنے کی ہدایت کی گئی تاکہ متعلقہ حکام تک معلومات اور عمل کے لیے پہنچائی جا سکے۔

میں پیش کی گئی، جس کے ساتھ الیکٹرک گاڑیوں کے لیے مجوزہ روٹس کا نقشہ بھی جمع کرایا گیا۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ٹریفک پولیس کوئٹہ نے ناقص لوکل بسوں کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر 64 بسیں تحویل میں لے لی ہیں۔ بس مالکان نے ٹریفک مجسٹریٹ کی عدالت میں تحریری جنات دی ہے کہ وہ ان بسوں کو روٹس پر نہیں چلائیں گے، جبکہ دراصت میں لی گئی بسوں کی قیمت اجازت نامہ ہولڈرز کی منشی کے لئے آر ٹی اے اتھٹی کو ادا کی گئی۔ غیر قانونی اور غیر رجسٹرڈ پیلی موٹر سائیکل ٹرالیوں اور لوڈرز کے خلاف بھی بھرپور کارروائی کی گئی۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن آر ٹی اے نے شہری حدود میں ہر قسم کی پیلی موٹر سائیکل ٹرالیوں اور لوڈرز پر پابندی عائد کر دی، جس کے نتیجے میں ٹریفک پولیس نے 111 پیلی ٹرالیاں تحویل میں لے لی ہیں۔ عدالت کو آگاہ کیا گیا کہ غیر قانونی رکشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے حوالے سے 17 دسمبر 2025 کو ایس ایس پی ٹریفک کی صدارت میں ایک اجلاس ہوا، جس میں سیکرٹری آر ٹی اے اور رکشہ یونین کے نمائندے شریک ہوئے۔ اجلاس میں قانونی رکشوں کو آر ایف آئی ڈی اسٹیکرز جاری کرنے اور مستقبل قریب میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ ایڈیشنل یقینی نمبر پلیٹس اور ٹیل روڈ پر غلط پارکنگ کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں، جبکہ ڈی ایس پی ٹریفک سرباب انٹرسٹی کوئٹہ کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے۔ دوسری جانب مدنی محمد اسحاق نے سول نظر بندی نمبر 474/2025 معزز ہائی کورٹ میں دائر کر رکھی ہے۔ ٹریفک پولیس کوئٹہ کے خانہ کے نے بھی عدالت میں پیش ہو کر تحریری دلائل اور معاون دستاویزات جمع کرائیں۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ٹریفک پولیس کوئٹہ کے لئے گاڑیوں اور جدید مشینوں کی خریداری کے لئے 188.7 ملین روپے کی منظوری کا معاملہ مالی محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان میں زیر التوا ہے۔ اس موقع پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بار بار عدالتی ہدایات کے باوجود مطلوبہ فنڈز کا اجرا نہیں کیا گیا جو قابل مذمت ہے۔ عدالت نے ماہر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت کی کہ فنڈز کے بروقت اجرا کو یقینی بنایا جائے، بصورت دیگر سیکرٹری خزانہ کو ذاتی طور پر عدالت میں پیش ہونا ہوگا۔ عدالت نے اپنی کمشنر کوئٹہ اور ڈی آئی جی پولیس کو ہدایت کی کہ جب بھی ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی جانب سے ضلعی پولیس کی خدمات طلب کی جائیں تو اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ متعلقہ قانونی پروسیجر مکمل درآمد اور عدالتی احکامات کی بروقت تعمیل میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔ عدالت نے حکم دیا کہ اس عدالتی حکم نامے کی نقول معلومات اور تعمیل کے لئے تمام متعلقہ افسران کو ارسال کی جائیں، جبکہ ماہر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کو بھی اس کی ترسیل یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ بعد ازاں عدالت نے کیس کی مزید سماعت 8 جنوری تک ملتوی کر دی۔

معدنی شعبے میں پیشرفت

5 ملکی کاروباری گروپس کا بلوچستان میں اربوں ڈالر سرمایہ کاری کا اعلان

لیک سٹی ہولڈنگز، فاطمہ، دین، ہبلٹن اور سورتی گروپ تیار، گلوبا کور منرلز لمیٹڈ چاغی میں سونا اور تانبے سمیت معدنیات کی تلاش میں سرمایہ کاری کریگی

معدنی شعبے کی بحالی سے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے، ملکی کمپنیوں کی براہ راست سرمایہ کاری صوبے کی معاشی سمت بدلنے میں اہم کردار ادا کریگی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کے معدنی شعبے میں تاریخی پیش رفت، پانچ بڑے ملکی کاروباری گروپس نے پہلی بار اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے سنہرے دور کا آغاز ہونے جا رہا ہے۔ ملکی صف اول کے پانچ بڑے کاروباری گروپس نے بلوچستان میں اربوں ڈالرز کی سرمایہ کاری کا اعلان کر دیا، لیک سٹی ہولڈنگز، فاطمہ گروپ، دین گروپ

بقیہ نمبر 70 صفحہ 5 پر

ہبلٹن گروپ اور سورتی گروپ اس تاریخ ساز اور دوررس سرمایہ کاری کیلئے تیار ہیں۔ تفریباً پانچ ارب امریکی ڈالرز کی مجموعی مارکیٹ ویلیو رکھنے والے یہ گروپس بلوچستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے پرعزم ہیں۔ یہ پیشرفت بازی ازجیو کی ذیلی کمپنی بازی خرز اور گلوبا کور منرلز کے درمیان بلوچستان میں معدنی تلاش کے لئے جوائنٹ وینچر معاہدے کے بعد سامنے آئی۔ جوائنٹ وینچر معاہدے کے تحت گلوبا کور منرلز لمیٹڈ بلوچستان کے معدنی شعبے میں اربوں ڈالرز کی سرمایہ کاری کرے گی، معاہدے کے تحت بلوچستان کے ضلع چاغی میں سونا اور تانبے سمیت قیمتی معدنیات کی تلاش میں سرمایہ کاری کی جائے گی۔ اس حوالے سے ساتھ ذاتی زیر اور معروف صنعتکار گوہر اعجاز نے کہا کہ معدنی ترقی کے آغاز سے ملک میں امن، ترقی اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ بلوچستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے اور پاکستانی کمپنیوں کی براہ راست سرمایہ کاری صوبے کی معاشی سمت بدلنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ بلوچستان میں معدنی شعبے کی بحالی سے ہزاروں بالواسطہ و بلاواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار کا 12 کروڑ 42 لاکھ کا بجٹ منظور

کونسلر عوامی کی بنیادی ضروریات کو مدنظر رکھ ترقیاتی منصوبے بنائیں، میر اسفند یار جمالی

جعفر آباد (نامہ نگار) میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار کا 12 کروڑ 42 لاکھ روپے کا سالانہ بجٹ بھاری اکثریت سے منظور کر لیا گیا۔ بجٹ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قائد ایوان میر اسفند یار خان جمالی نے کونسلران پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں عوام کی بنیادی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اسکیمات پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لیے قومی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

شاہراہ وسیت شیر بھرے تجاوزات کے خاتمے اور منشی کے لیے کمیٹی تشکیل دی جائے گی، تاکہ ٹریفک اور شہری مسائل میں بہتری لائی جا سکے۔ اجلاس میں میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار کے چیف آفیسر ذیرہ احمد نواز بلوچ اور ڈپٹی کمشنر جعفر آباد نے بھی شرکت کی۔ بجٹ کی منظوری پر کونسلر عطا اللہ خان گولا، صدام ایوب کھوسہ سمیت تمام شرکاء نے ایک دوسرے کو مبارک باد دی۔ اپوزیشن کونسلرز سردار رفیق احمد بجنی اور مولانا عبدالحق ہاشمی نے شہر میں لیبر چوائنٹ کے قیام کے لیے مناسب جگہ مختص کرنے کی تجویز پیش کی، جسے اجلاس میں خوش کر لیا گیا۔ اجلاس خوشگوار اور جمہوری ماحول میں اختتام پذیر ہوا۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 23 DEC 2025 Page No. 18

پیپلز پارٹی، جمعیت، پشتونخوا نیپ کا اتحاد، پی بی 41 میں سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ مکمل

29 وارڈز کا فیصلہ کرلیا عوام 28 دسمبر کو سہ جماعتی اتحاد کے امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں، رہنماؤں کی اپیل

تینوں سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے ملکر بلدیاتی انتخابات میں امیدواروں کی کامیابی یقینی بنانے کا عہد کیا

نورالدین کاکڑ، ندا سنگر، مولانا محمد ایوب ایوبی، عبدالرزاق بزیچ، مولانا عبداللہ مسلم و دیگر کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی، جمعیت علماء اسلام اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے درمیان بلدیاتی انتخابات کیلئے حلقہ پی بی 41 کے 29 وارڈز میں سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ مکمل، تینوں سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے ملکر بلدیاتی انتخابات میں امیدواروں کی کامیابی یقینی بنانے کا عہد کیا ہے پیر کو پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے سیکرٹریٹ سرکی روڈ پر پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماء نورالدین کاکڑ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے ندا خان سنگر، جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا محمد ایوب ایوبی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبا..... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ئی ڈپٹی سیکرٹری عبدالرزاق بزیچ، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے شوری ممبر مولانا عبداللہ مسلم، مولانا عبدالغفور مدنی، پیپلز پارٹی کے زرغون ٹاؤن کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر سبحان ترین، ملک شازیب کاسی نے سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تین جماعتوں پاکستان پیپلز پارٹی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت علماء اسلام نے حلقے کے عوام کے وسیع تر مفاد میں کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے دوران 29 وارڈز میں سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ کا فیصلہ کیا ہے اور تینوں جماعتوں کے قائدین اور کارکن ملکر متفقہ امیدواروں کے انتخابی دفتر کا افتتاح، ڈور ٹو ڈور انتخابی مہم چلائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 28 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات علاقے کے عوام تین جماعتی اتحاد کے امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں تاکہ وہ منتخب ہونے کے بعد حلقے کے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کرسکیں گے انہوں نے کہا کہ تینوں جماعتوں کے کارکنوں پر اب یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ دن رات ایک کرکے اپنے امیدواروں کی کامیابی کیلئے جدوجہد کریں۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد میں شامل جماعتوں کے قائدین مل بیٹھ کر سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ کا فیصلہ کیا ہے

ملک میں فسطائیت پر مبنی ایک ہائبرڈ پلس نظام مسلط ہے، پشتونخوا نیپ

وکلاء برادری پر فرض، وہ آئین و قانون کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی کے تحفظ کیلئے کردار ادا کرے، نصراللہ خان زیرے

اداروں کو کمزور و عوام کو بے اختیار بنانے کی کوشش کی جارہی ہے، کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ سے ملاقات میں گفتگو

وکلاء برادری ملک میں جاری غیر آئینی و غیر جمہوری صورتحال پر خاموش نہیں بیٹھے گی، نومنتخب صدر ایڈووکیٹ اورنگزیب خان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ اس وقت ملک میں فسطائیت پر مبنی ایک ہائبرڈ پلس نظام، یعنی ایک طرح کا دائمی مارشل لاء مسلط ہے، جس کے نتیجے میں آئین، قانون اور جمہوری اقدار کو مسلسل پامال کیا جارہا ہے۔ ایسی سنگین صورتحال میں جہاں سیاسی جماعتوں پر بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں وہیں وکلاء برادری پر بھی یہ قومی و آئینی فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ آئین و قانون کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے موثر کردار ادا کرے ان خیالات کا اظہار انہوں..... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

نے کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر اور پشتونخوا وکلاء یونٹ کے ڈپٹی سیکرٹری ایڈووکیٹ اورنگزیب خان، نائب صدر شیر یار خان لودھی اور جنرل سیکرٹری میر فہد مینگل کو ضلع کچہری میں واقع ان کے دفاتر میں مبارکباد پیش کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پشتونخواہ لائرز یونٹ کے سیکرٹری ایڈووکیٹ شمس کبزئی، ایڈووکیٹ ازمیر خان مندوخیل، ایڈووکیٹ دوست محمد، ایڈووکیٹ عبداللہ شیرانی، ایڈووکیٹ محبوب خان اور دیگر وکلاء بھی موجود تھے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے وفد میں پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز رحمت اللہ صابر، پروفیسر اسد خان ترین، حمد اللہ خان بزیچ، محمود ریاض جبکہ ضلع ایگزیکٹو کے اراکین ملک فرید کاکڑ، اکبر کلیوال، سید عبداللہ آغا اور دیگر شامل تھے

طلبہ و خواتین کو روزگار فراہم کرنے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

ہمارا مقصد خواتین و طالبات کو خود کفیل بنانے کیساتھ انکی اخلاقی تربیت کرنا ہے تاکہ وہ دنیا و آخرت میں کامیاب ہوسکیں، امیر جماعت اسلامی

بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت، باہمت، جفاکش اور محب وطن ہیں، رکن صوبائی اسمبلی کا خواتین کیلئے کمپیوٹر لیب افتتاح کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں الخدمت بنو قابل پروگرام کے تحت خواتین کے لئے کمپیوٹر لیب کا افتتاح امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان نے کیا انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد خواتین و طالبات کو معاشی طور پر خود کفیل بنانا اور ان کی اخلاقی تربیت کرنا ہے تاکہ وہ دنیا و آخرت میں کامیاب ہوں الخدمت فاؤنڈیشن جماعت اسلامی نوجوانوں طلباء طالبات اور خواتین کی تربیت کیساتھ ہنرمند بنا کر باعزت روزگار دینے کیلئے عملی کام کررہی ہے بلوچستان میں نوجوانوں و عوام کا ایک بڑا مسئلہ روزگار و باعزت کاروبار کا..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ہے بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت، باہمت، جفاکش ملک سے محبت کرنے والے ہیں تقریب سے الحمد اسلامک یونیورسٹی کے صدر نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن نے کہا کہ بنو قابل پروگرام کوئٹہ میں ایک مثبت تبدیلی کا ذریعہ بنے گا اور الحمد اسلامک یونیورسٹی الخدمت فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر بچوں اور بچیوں کو جدید آئی ٹی اسکلز فراہم کرے گی امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند نے کمپیوٹر لیب کے افتتاح کو ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے آئندہ مزید لیبز کے قیام کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی الخدمت فاؤنڈیشن کی خدمات بلوچستان بھر میں روز روشن کی طرح عیاں ہیں

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated 23 DEC 2025 Page No. 19

قلعہ عبداللہ میں ڈیم تعمیر نہ کئے گئے تو شاہراہ بند کردینگے، قبائلی نمائندین

زیرزمین پانی کی سطح گرنے سے باغات اور فصلیں تباہی کے دہانے پر پہنچ چکیں، عمران کاکڑ ودیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلعہ عبداللہ کے قبائلی رہنماؤں عمران کاکڑ، کلیم اللہ کاکڑ، ملک محمد رفیق اور حیات اللہ نے کہا ہے کہ قلعہ عبداللہ میں نئے ڈیموں کی تعمیر اور موجود ڈیموں کی بحالی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اس سلسلے میں فوری اقدامات نہ کئے گئے تو قومی شاہراہ بند کرکے احتجاج کریں گے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ عبداللہ کے 85 فیصد لوگ زراعت سے وابستہ ہیں لیکن ڈیموں کی عدم تعمیر سے زیر زمین پانی کی سطح نیچے گرنے سے باغات اور فصلیں تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہیں اور ڈیم نہ ہونے کے باعث بارشوں کا پانی ضائع ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شدید خشک سالی اور بارشوں کی بندش سے علاقے میں ہزاروں خاندان بے روزگار ہوگئے ہیں اور پانی کی قلت کے باعث زمینداروں کا معاشی مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

کاربورٹ فارمنگ وسائل پر قبضے کے منصوبے ختم کیے جائیں، نیشنل پارٹی

وسائل پر ایک محدود اشرافیہ قابض ہے جبکہ 25 کروڑ عوام بدترین استحصال کا شکار ہیں، اوستہ محمد میں بزگر کمیٹی کے زیر اہتمام ریلی، کانفرنس

محنت کش، کسان اور مزدور اپنی محنت کی قیمت خود طے کرنے سے محروم ہیں، حکمران طبقہ فصلوں کی امدادی قیمت دینے سے انکاری ہے، امداد قاضی، جی ایم جمالی ودیگر کا خطاب

اوستہ محمد (آئی این پی) اوستا محمد میں کمیونسٹ پارٹی بزگر کمیٹی کے زیر اہتمام کارپوریٹ فارمنگ، نئے کینالوں کی تعمیر اور بلوچستان کے قدرتی وسائل پر قبضے کے خلاف ایک احتجاجی کانفرنس اور ریلی نکالی گئی، جس میں کسانوں، آبادگاروں، مزدوروں اور مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں کے کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی سیکریٹری جنرل امداد قاضی، احسان اللہ جی ایم جمالی احمد علی جمالی نیک محمد کاکڑ محمد صدیق کامریڈ فرہاد رند، عبدالحفیظ جمالی، محمد علی اور دیگر مرکزی وصوبائی قائدین نے کہا کہ جب سرمایہ دار طبقہ اقتدار میں آتا ہے تو وہ جابرانہ طرز حکمرانی کو فروغ دیتا ہے۔ شو

بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

نیشنل پارٹی کیلئے فکر و نظریہ اہم، کارکن کتاب و قلم کو اپنا ہتھیار بنائیں

ڈاکٹر شفیع بزنجو عبدالمالک بلوچ

سیاسی مقابلے میں ایسے عناصر موجود ہیں جن کا نظریہ ہے نہ ہی کوئی جماعت یہ بھٹکے ہوئے مسافروں کی مانند بغیر منزل کے سوداگر ہیں جو صرف انتخابات پر نظر آتے ہیں

کارکن سیاسی بیانئے کے حوالے سے کسی تذبذب کا شکار نہ ہوں ہمارے لیے اقتدار کی کوئی اہمیت نہیں، ڈاکٹر شفیع بزنجو نے شہادت تک عوام کے ساتھ تعلق رکھا، ریفرنس سے خطاب

تربت (نمائندہ انتخاب) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ شہید ڈاکٹر شفیع بزنجو ایک نہایت شریف النفس، درویش صفت اور فکری و نظریاتی کارکن تھے انہوں نے زمانہ طالب علمی سے لے کر شہادت تک اپنے عوام کے ساتھ گہرا رشتہ قائم رکھا، آوارہ گردی جیسے پسماندہ علاقے کے عوام کے لیے وہ کسی مسیحا سے کم نہ تھے، وہ قومی و وطنی خدمت کے جذبے سے سرشار اور ایک مخلص انسان تھے، ان

بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام شہید ڈاکٹر شفیع بزنجو کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کے کارکنان پارٹی کے سیاسی بیانیے کے حوالے سے کسی بھی قسم کے تذبذب کا شکار نہ ہوں نیشنل پارٹی کے لیے اقتدار اور اختیارات کی کوئی خاص اہمیت نہیں، بلکہ پارٹی کے فکر و نظریے کو بنیادی حیثیت حاصل ہے جو درست سمت میں رہنمائی فراہم کرتا ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی میں موجودگی قیادت بہتر انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھا رہی ہے اور پارٹی کو وسعت دینے کے لیے ہر وقت کوشاں ہے، انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان کے لیے حوصلہ افزا امر یہ ہے کہ سیاست کے میدان میں نیشنل پارٹی کے مقابلے میں ایسے عناصر موجود ہیں جن کا نہ کوئی نظریہ ہے اور نہ ہی کوئی جماعت، بلکہ وہ بھٹکے ہوئے مسافروں کی مانند بغیر منزل کے سیاسی سوداگر ہیں جو صرف انتخابات کے موقع پر منظر عام پر آتے ہیں جبکہ نیشنل پارٹی گراس روٹ لیول پر ایک منظم سیاسی جماعت ہے جو قوم و وطن کی خدمت کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے، انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ کتاب اور قلم کو اپنا ہتھیار بنائیں کیونکہ کتاب اور قلم کے استعمال سے باشعور قیادت جنم لیتی ہے۔ اس لیے کارکنان میں مطالعہ اور تحریر کے کلچر کو فروغ دیا جائے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ضلعی اور تحصیل سطح کی قیادت پر زور دیا کہ وہ پارٹی کی تنظیم سازی، بالخصوص یونٹ سازی اور ممبر سازی مہم پر خصوصی توجہ دیں کیونکہ ایک منظم سیاسی جماعت ہی عوامی قوت کے ذریعے قوم کو بہتر مستقبل فراہم کر سکتی ہے۔ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر کے رکن پیر محمد خیر بخش بلوچ نے کہا کہ شہید ڈاکٹر شفیع بزنجو ایک مخلص، نظریاتی اور فعال سیاسی کارکن تھے جنہوں نے اپنی زندگی عوامی خدمت اور قومی جدوجہد کے لیے وقف کر دی تھی۔

کرنل مالکان، خصوصاً اوتھی گروپ، طویل عرصے تک کسانوں کو واجبات کی ادائیگی سے گریزاں رہے تاہم کسانوں کی منظم جدوجہد کے نتیجے میں کرنل مالکان کو گنے کی قیمت 400 روپے سے بڑھا کر 570 روپے فی من کرنے پر مجبور ہونا پڑا اور بند شوگر ملیں دوبارہ فعال ہوئیں۔ مقررین نے کہا کہ ملک کے وسائل پر ایک محدود اشرافیہ قابض ہے جبکہ 25 کروڑ عوام بدترین استحصال کا شکار ہیں۔ محنت کش، کسان اور مزدور اپنی محنت کی قیمت خود طے کرنے سے محروم ہیں، جبکہ حکمران طبقہ منڈی کے نام پر فصلوں کی امدادی قیمت مقرر کرنے سے انکار کرتا ہے۔ انہوں نے بڑھتے ہوئے بیکسی، مہنگائی، تعلیم و صحت کی ناکافی سہولیات، پیرانی قرضوں اور ریاستی جبر پر شدید تشویش کی گئی۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ کارپوریٹ فارمنگ اور وسائل پر قبضے کے تمام منصوبے فوری طور پر ختم کیے جائیں اور کسانوں و مزدوروں کو ان کا جائز حق دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھر میں جاگیرداری اور سرمایہ دارانہ نظام نے غریب کسان اور مزدور کو غلام بنا رکھا ہے۔ بزگر، کسان اور دیہی محنت کش صدیوں سے زمین پر محنت کر رہے ہیں مگر انہیں ان کی محنت کا مناسب صلہ نہیں دیا جاتا۔ جاگیردارانہ بزگر نظام کے تحت کسانوں کا استحصال مسلسل جاری ہے انہوں نے آخر میں عوام سے اپیل کی گئی کہ وہ جاگیرداری، سرمایہ داری اور استحصالی نظام کے خلاف متحد ہو کر جدوجہد کریں تاکہ ایک منصفانہ، برابری اور انصاف پر مبنی معاشرہ قائم کیا جا سکے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 20

خضدار، 3 ماہ قبل اغوا ہونیوالے تعمیراتی کمپنی کے 21 مزدور بازیاب

تعلق سندھ کے مختلف علاقوں سے ہے، اغوا کاروں نے رہا کر دیا، گھروں کو پہنچ گئے

خضدار (نامہ نگار) خضدار کے علاقہ نال کے علاقہ کلیزی سے 3 ماہ قبل اغوا کئے گئے تعمیراتی کمپنی کے 21 مزدوروں کو رہا کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق 23 اکتوبر 2025 کو تحصیل نال کے علاقہ کلیزی سے تعمیراتی کمپنی پر کام کرنے والے صوبہ سندھ کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے 21 مزدوروں کو گزشتہ روز رہا کر دیا گیا مغوی مہتاب کے مطابق ان کے تمام ساتھیوں کو بحفاظت رہا کر دیا گیا اور وہ اپنے اپنے گھروں کو واپس پہنچ گئے ہیں ان کے مطابق آج ہمارے تمام مغوی خاندانوں کے گھروں میں خوشی کا سماں ہے۔

ہزار گنجی کے بینک میں 3 کروڑ 28 لاکھ روپے کی ڈکیتی

سی سی ٹی وی کیمرے بند، واردات کی ریکارڈنگ نہ ہو سکی

بینک کے دروازے پر کچھ آوازیں سن کر چیک کرنے کیلئے جوں ہی دروازہ کھولا، مسلح افراد نے قابو کر لیا اور اندر گھس آئے، گارڈ کا بیان

کیمرے بند ہونے کے سبب تفتیشی ٹیموں کو مشکلات کا سامنا 2025 کے دوران اب تک 47 کروڑ 94 لاکھ روپے لوٹے جا چکے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہزار گنجی میں نامعلوم مسلح افراد نے سیکورٹی گارڈ کو یرغمال بنا کر تین کروڑ 28 لاکھ روپے لے اڑے واردات کا علم صبح کو ہوا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ہزار گنجی میں واقع بینک میں اتوار کی رات نو بجے گاڑی میں سوار پانچ مسلح افراد نے بینک کا دروازہ کھٹکھٹانے کی کوشش کی اندر موجود سیکورٹی گارڈ دوست محمد نے دروازہ کھول کر دیکھنا چاہا تو مسلح افراد نے اسے اسلحے کے زور پر یرغمال بنا لیا اور اندر گھس گئے اور سیف لاکر کو توڑ کر 3 کروڑ 28 لاکھ کی نقدی لے کر صبح چھ بجے رفو چکر ہو گئے۔ واردات کا علم پیر کی صبح ہوا اطلاع ملنے پر پولیس، سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر تحقیقات شروع کر دی۔ ذرائع نے بتایا کہ بینک میں بجلی نہ ہونے کے باعث سی سی ٹی وی کیمرے بند تھے جس کے باعث تحقیقات میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ پولیس نے سیکورٹی گارڈ کو حراست میں لے کر تفتیش شروع کر دی۔ سیکورٹی گارڈ نے بتایا کہ وہ بینک کے اندر موجود تھا کہ تقریباً رات نو بجے بینک کے دروازے پر کچھ آوازیں سن کر میں نے چیک کرنے کیلئے جیسے ہی دروازہ کھولا تو پانچ مسلح افراد نے مجھے دھکا دے کر اسلحے کے زور پر قابو کر لیا اور کرسی سے باندھ کر مجھے واش روم میں بند کر دیا۔ اس نے بتایا کہ واردات سے قبل ایک خاتون اور مرد بینک کے اے ٹی ایم پر آئے تھے جنہیں بتایا کہ اے ٹی ایم بند ہے جس پر وہ کچھ دیر وہیں رہے ان کی حرکات مشکوک لگ رہی تھیں۔ تحقیقاتی ٹیمیں تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہی ہیں۔ واضح رہے کہ 2025 کے دوران حب، مند، تربت اور پنجگور میں 10 بینکوں میں ڈکیتی اور ڈکیتی و این لوٹنے کے واقعات میں مسلح افراد 44 کروڑ 66 لاکھ لوٹ چکے ہیں تاہم کوئٹہ میں رواں سال کی یہ پہلی بڑی بینک ڈکیتی ہے۔ ابتک صوبے میں 11 بینکوں اور ڈکیتی و این لوٹنے کے واقعات میں 47 کروڑ 94 لاکھ روپے لوٹے جا چکے ہیں۔

ڈیرہ مراد جمالی میں گیس پائپ لائن کے قریب دھماکہ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب گیس پائپ لائن کے مقام پر نائم بم کا دھماکہ ہوا تاہم دھماکے سے گشت کرنے والے سیکورٹی اہلکار بال بال بچ گئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ نوتال کی حدود میں گیس پائپ لائن کے مقام پر نامعلوم افراد کی جانب سے سیکورٹی فورسز کی گاڑیوں کی گزرگاہ پر زیر زمین دھماکہ خیز مواد نصب کیا گیا تھے دھماکے سے کوئی جانی ومالی نقصان نہیں ہوا چند منٹ کے بعد سیکورٹی فورسز کی گاڑی گزرنی تھی واقع کے بعد پولیس وسیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی۔

MASHRIQ QUETTA

ڈیرہ مراد جمالی، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ماں اور بیٹا قتل

انتیس ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے، نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی عدالت روڈ پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ماں اور بیٹے کو موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود عدالت روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے تبو ..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کے علاقے گوٹھ پریل روڈ کی رہائشی صبیحہ بی بی اور اسکے بیٹے نصیر احمد کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے زخمیوں کو فوری طور پر ڈیرہ مراد جمالی ہسپتال منتقل کر دیا جہاں دو زخمیوں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے پولیس نے نفسیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیں اور نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی۔

INTEKHAB QUETTA

نصیر آباد، ربیع کینال میں بم دھماکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

نصیر آباد (آئی این پی) نصیر آباد کے علاقے ربیع کینال کے قریب بم دھماکہ، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 21

سریاب کے عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بنیادی سہولیات سے محروم

فارم 47 کی پیداواروں نے پورے سریاب کے عوام کو اذیت میں مبتلا کر دیا ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے

بنیادی سہولیات ناپید ہے اور زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے، مگر نام نہاد نمائندے ٹس سے مس نہیں ہو رہے

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بنیادی سہولیات کی محرومی کا شکار ہیں، مگر حالیہ دنوں میں صورتحال بدترین حدوں کو چھو چکی ہے گزشتہ 48 گھنٹوں سے پورا سریاب اندھیروں میں ڈوبا ہوا ہے، بجلی مکمل طور پر غائب ہے، گیس ناپید ہے اور زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے، مگر افسوس کہ حکومت کے نام نہاد نمائندے ٹس سے مس نہیں ہو رہے ان خیالات کا اظہار سردار احمد خان شاہوانی نے اپنے ایک شدید ردعمل میں کیا انہوں نے کہا کہ فارم 47 کی پیداواروں نے اقتدار حاصل تو کر لیا، مگر عوامی مسائل سے ان کا کوئی تعلق نہیں اقتدار کے مزے (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 5 پر)

لینے والوں کو نہ عوام کی تکلیف دکھائی دیتی ہے اور نہ ہی ان کی آہ و فریاد سنائی دیتی ہے۔ جے یو آئی سریاب کے ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے کہا کہ گزشتہ دو دنوں سے سریاب کے ہزاروں گھر بجلی سے محروم ہیں، شدید سردی میں بچے، بزرگ اور خواتین اذیت ناک حالات سے دوچار ہیں۔ کاروبار ٹھپ ہو چکا ہے، پانی کی فراہمی متاثر ہے، جبکہ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے نہ کوئی وضاحت سامنے آ رہی ہے اور نہ ہی کسی قسم کا ہنگامی اقدام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سریاب وہ علاقہ ہے جہاں پہلے ہی نہ صحت کی سہولیات میسر ہیں، نہ صاف پانی، نہ نکاسی آب کا نظام، اور اب بجلی و گیس کی بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر یہی جمہوریت اور یہی حکمرانی ہے تو عوام آخر کس سے انصاف مانگیں؟ بیان میں مزید کہا گیا کہ حکومت کی خاموشی اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام کو جان بوجھ کر دیوار سے لگایا جا رہا ہے۔ منتخب نمائندے صرف انتخابات کے وقت سریاب کو یاد کرتے ہیں، بعد ازاں یہ علاقہ ان کے لئے غیر اہم ہو جاتا ہے سردار احمد خان شاہوانی اور ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر بجلی اور گیس کی فراہمی بحال کی جائے، لوڈشیڈنگ کا واضح شیڈول جاری کیا جائے اور اگر عوامی مسائل کو نظرانداز کرنے کا یہی سلسلہ جاری رہا تو سریاب کے عوام اپنے آئینی اور جمہوری حق کے تحت سڑکوں پر نکلنے پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور اس کے نااہل نمائندوں پر عائد ہوگی۔

ڈھاڈر رند علی لنک روڈ کی تعمیر میں ناقص مٹیریل کا استعمال

غیر معیاری کام کرنے والے ٹھیکیدار کا ٹھیکہ فوری طور پر منسوخ کیا جائے، عوامی حلقے

بولان (آئی این پی) بچھی کے علاقے ڈھاڈر میں ڈھاڈر اڈہ سے رند علی لنک روڈ کی تعمیر میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی اور ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف ہوا ہے۔ سیاسی سماجی اور بلدیاتی عوامی حلقوں نے ٹھیکیدار کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکام بالا سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا ہے ناقص کارکردگی اور ادھورے منصوبے عوامی شکایات کے مطابق مذکورہ ٹھیکیدار کا ماضی کا ریکارڈ انتہائی مایوس کن ہے اس سے قبل رند علی روڈ (بی کوئٹہ شاہراہ) اور اسٹریٹ لائٹس کا منصوبہ بھی اسی ٹھیکیدار کے سپرد تھا جہاں لگائی گئی لائٹس (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 5 پر)

ایک ماہ بھی نہ چل سکیں اور پورا علاقہ دوبارہ اندھیرے میں ڈوب گیا مزید پولیس لائن ڈھاڈر کا کام بھی ادھورا چھوڑ دیا گیا تھا جس سے سرکاری فنڈز کے ضیاع کیا گیا ڈھاڈر لنک روڈ رند علی کے ڈیڑھ کلومیٹر طویل ٹکڑے کے لیے 10 کروڑ روپے کے خطیر فنڈز مختص کیے گئے ہیں موقع پر جاری کام کی صورتحال آٹے میں نمک کے برابر ہے اور استعمال ہونے والا میٹریل غیر معیاری ہے عوام کا الزام ہے کہ بھاری بجٹ کے باوجود سڑک کی پائیداری پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ایک ایسے ٹھیکیدار کو دوبارہ کروڑوں کا ٹھیکہ دیا جس نے پہلے ہی عوامی منصوبوں کو نقصان پہنچایا ہو سمجھ سے بالاتر ہے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کچھی ڈھاڈر کے سیاسی و سماجی اور بلدیاتی نمائندوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چیف سیکرٹری اور محکمہ مواصلات و تعمیرات (C&W) کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر معیاری کام کرنے والے ٹھیکیدار کا ٹھیکہ فوری طور پر منسوخ کیا جائے منصوبے کی شفاف انکوائری کرائی جائے کمیشن مافیا کے بجائے کام کسی ایماندار اور تجربہ کار کنٹریکٹر کے حوالے کیا جائے تاکہ عوامی پیسہ ضائع ہونے سے بچ سکے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 22

کچھی ڈھاڈر تا رند علی لنک روڈ کی تعمیر میں ناقص میٹریل کا انکشاف

کروڑوں کے فنڈز اور آٹے میں نمک کے برابر کام، سیاسی سماجی اور بلدیاتی عوامی حلقوں میں شدید تشویش، نوٹس لینے کا مطالبہ

بولان (نامہ نگار) کچھی کے علاقے ڈھاڈر میں ڈھاڈر راڈہ سے رند علی لنک روڈ کی تعمیر میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی اور ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف ہوا ہے سیاسی سماجی اور بلدیاتی عوامی حلقوں نے ٹھیکیدار کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکام بالا سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا ہے ناقص کارکردگی اور ادھورے منصوبہ عوامی شکایات کے مطابق مذکورہ ٹھیکیدار کا ماضی کا ریکارڈ انتہائی مایوس کن ہے اس سے قبل رند علی روڈ (سبی کوئٹہ شاہراہ) اور اسٹریٹ لائٹس کا منصوبہ بھی اسی ٹھیکیدار کے سپرد تھا جہاں لگائی گئی لائٹس ایک ماہ بھی نہ چل سکیں اور پورا علاقہ دوبارہ اندھیرے میں ڈوب گیا مزید پولیس لائن ڈھاڈر کا کام بھی ادھورا چھوڑ دیا گیا تھا جس سے سرکاری فنڈز کے ضیاع کیا گیا ڈھاڈر لنک روڈ رند علی کے ڈیڑھ کلومیٹر طویل ٹکڑے کے لیے 10 کروڑ روپے کے خطیر فنڈز مختص کیے گئے ہیں موقع پر جاری کام کی صورتحال آٹے میں نمک کے برابر ہے اور استعمال ہونے والا میٹریل غیر معیاری ہے عوام کا الزام ہے کہ بھاری بجٹ کے باوجود سڑک کی پائیداری پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ایک ایسے ٹھیکیدار کو دوبارہ کروڑوں کا ٹھیکہ دینا جس نے پہلے ہی عوامی منصوبوں کو نقصان پہنچایا ہو سمجھ سے بالاتر ہیا علی حکام سے مطالبہ کچھی ڈھاڈر کے سیاسی و سماجی اور بلدیاتی نمائندوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چیف سیکرٹری اور محکمہ مواصلات و تعمیرات (C&W) کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر معیاری کام کرنے والے ٹھیکیدار کا ٹھیکہ فوری طور پر منسوخ کیا جائے منصوبے کی شفاف انکوائری کرائی جائے کمیشن مافیا کے بجائے کام کسی ایماندار اور تجربہ کار کنٹریکٹر کے حوالے کیا جائے تاکہ عوامی پیسہ ضائع ہونے سے بچ سکے۔

حب، سپورٹس نمائشی تقریبات پر خرچ، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

جام غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم میں میوزیکل نائٹ کے دوران پٹاخوں کی گونج سے شہری گھبرا کر گھروں سے نکل آئے

حب (نمائندہ انتخاب) حب میں ایک بار پھر اسپورٹس فنڈز پٹاخوں کی نذر کر دیا گیا، کھلاڑیوں اور کھیل کے میدانوں کی حالت بدلنے کی ضروریات پوری کرنے کی بجائے بالا افسران کی خوشنودی حاصل کی جانے لگی، محکمہ کھیل کی جانب سے میوزیکل نائٹ میں ہیوی پٹاخوں کے

بقیہ نمبر 80 صفحہ 5 پر

سبب شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا شہری اپنے گھروں سے باہر نکل آئے وبالخصوص جام غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم کے عقب اور قرب و جوار کی رہائشوں میں خوف و ہراس پھیل گیا، عوامی حلقوں نے کہا کہ محکمہ کھیل فنڈز کو پٹاخوں اور میوزیکل نائٹ پر استعمال کرنے کی بجائے اسپورٹس کلبوں اور کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود سمیت میدانوں کی تزئین و آرائش کیلئے استعمال میں لائے یہاں کھیل کے میدان زبوں حالی کا شکار ہیں۔ عوامی حلقوں نے کہا کہ اسپورٹس فنڈز کو ایک مرتبہ پھر کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود اور میدانوں کو آباد اور ان کی تزئین و آرائش کی بجائے غیر ضروری مقاصد کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے، محکمہ کھیل کے زیر اہتمام جام غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم حب میں میوزیکل نائٹ شو کے دوران بھاری مقدار میں ہیوی پٹاخے چلائے گئے، اس دوران دھماکوں کی آوازوں سے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، قرب و جوار سمیت دیگر علاقوں میں لوگ گھروں سے باہر نکل آئے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

23 DEC 2025

Bullet No 6

Page No 23

موسم سرما کی پہلی بارش رحمت کی بجائے زحمت بن گئی

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گزشتہ روز ایک طویل خشک سالی کے بعد بارش ہوئی جس پر عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی لیکن جیسے ہی بارش شروع ہوئی شہر میں بجلی کا نظام درہم برہم ہو گیا اس طرح پورے شہر کئی گھنٹوں تک اندھیرے میں ڈوبا رہا۔ اس سلسلے میں کیسکو کے حکام سے شروع میں رابطہ ہوا تو انہوں نے بتایا کہ ہم خرابی کو ٹریس کر رہے ہیں اس کے بعد خرابی ملی یا نہیں لیکن پورے شہر میں تاریکی چھا گئی اور اس طرح کیسکو حکام سے رابطے بھی ختم ہو گئے اکثر فون اور موبائل فون مسلسل بند ملتے رہے یہ بات درج کرنے والے پی ٹی سی ایل فون بھی بند رہے جس کے باعث عوام میں بڑی تشویش پائی گئی کہ آخر معاملہ کیا ہے اتنا بڑا بریک ڈاؤن ہوا ہے۔ اس طرح عوام کو بے خبر رکھ کر بجلی بند رکھی گئی جو بلاشبہ تشویش کی بات اور کیسکو حکام کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ بجلی کے ایک بہت بڑے بریک ڈاؤن کی وجہ سے جہاں عوام کو بڑی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا وہاں اخبارات میں بھی کام بہت متاثر ہوا جو کہ قابل تشویش بات ہے۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا از حد ضروری ہے کہ یہ روایت ایک عرصے سے چلی آ رہی ہے کہ جب بھی ذرا سی بارش ہوتی ہے بجلی کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے یہ کیسکو حکام کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے کہ وہ اس سلسلے کو ختم کیوں نہیں کر سکتے ان کو اس کے خاتمے کیلئے اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ یہ مسئلہ درپیش نہ ہو۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جس اہمیت کا حامل شہر ہے لیکن گھنٹوں تک بجلی کا بریک ڈاؤن ہونا بالکل ٹھیک عمل نہیں ہے، اس سلسلے میں کیسکو حکام کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے آئندہ کیلئے اس کو ختم کرنے کیلئے اقدامات اور عوام سے رابطے میں رہنا چاہئے خصوصاً موبائل فون پر ایس ڈی او ز اور دیگر حکام کو ٹیلی فون اٹینڈ کرنا چاہئے جو کہ وہ اکثر نہیں کرتے ان کا ایسا عمل بلکل ٹھیک نہیں ہو کیونکہ کیسکو ایک کمپنی ہے جو عوام پر بجلی فروخت کرتی ہے اور عوام ان کی کسٹمر ہے اس لیے اس ناطے کے حوالے کمپنی کو عوام کو سہولتیں دینی چاہئیں نہ کہ ان کو تکالیف سے دوچار کیا جائے۔

اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ کیسکو حکام کو اپنے فرائض احسن طریقے سے ادا کرتے ہوئے عوام سے مسلسل رابطے میں رہنا چاہئے جو کہ انتہائی ناگزیر ہے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 24

بلوچستان کیمزل سیکٹر میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری، بلوچستان کی محرومیوں کا ازالہ ناگزیر!

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے بلوچستان میں صفِ اوّل کے پانچ بڑے کاروباری گروپس نے منرل سیکٹر میں اربوں ڈالرز کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ لیک سٹی ہولڈنگز، فاطمہ گروپ، دین گروپ، ہلٹن گروپ اور سورتی گروپ تاریخ ساز اور دوررس سرمایہ کاری کیلئے تیار ہیں۔ ان گروپس کی مجموعی مارکیٹ ویلیو تقریباً 5 ارب امریکی ڈالر ہے۔ یہ پیشرفت ماڑی انرجیز کی ذیلی کمپنی ماڑی منرلز اور گلوبا کور منرلز کے درمیان بلوچستان میں معدنیات کی تلاش کے لئے جوائنٹ وینچر معاہدے کے بعد سامنے آئی۔ معاہدے کے تحت گلوبا کور منرلز لمیٹڈ ضلع چاغی میں سونا اور تانبے سمیت قیمتی معدنیات کی تلاش میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی۔ بہرحال بلوچستان میں ملکی کمپنیوں کی بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری انتہائی خوش آئند عمل ہے، مقامی سرمایہ کاری سے ملکی معیشت کو بہت زیادہ فائدہ پہنچے گا خاص کر بلوچستان میں معاشی تبدیلی آئے گی، روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہونگے۔ بلوچستان ملک کا بڑا صوبہ ہے جو معدنی دولت سے مالا مال ہے، بیرونی کمپنیاں اور ممالک پہلے سے ہی بلوچستان کے مختلف شعبوں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کررہے ہیں جس سے قومی خزانے کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ بلوچستان میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری سے اب بلوچستان میں معاشی تبدیلی، بلوچستان حکومت کو براہ راست فائدہ، بلوچستان میں ترقی، بنیادی سہولیات سمیت عوام کو بھرپور فائدہ پہنچانے پر بھی خصوصی توجہ دینی ہوگی تاکہ بلوچستان سے بے چینی و بے یقینی کی کیفیت سمیت محرومی اور پسماندگی کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ بلوچستان آج بھی ترقی کی رفتار میں دیگر صوبوں سے بہت پیچھے ہے۔ ماضی میں بلوچستان کو نظرانداز کیا گیا جس کی وجہ سے وفاق اور بلوچستان کے درمیان خلیج پیدا ہوئی۔ اب وقت آگیا ہے کہ بلوچستان کی محرومیوں کا ازالہ کیا جائے، بلوچستان کے عوام کی بہتری، فلاح و بہبود، ترقی پر سرمایہ کاری کی جائے جو ان کا جائز حق ہے۔ امید ہے کہ حالیہ سرمایہ کاری میں بلوچستان کو زیادہ فوقیت دی جائے گی۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 25

Let Her Ride

The sight of Pink Scooties and the promise of women only Pink Buses in Quetta is a breath of fresh air. Under Chief Minister Mir Sarfraz Bugti, the Balochistan government has taken a vital step. It recognizes a simple truth: a society cannot move forward if half its population struggles to move at all. For too long, the daily commute for women has been a challenge. Waiting for crowded transport, negotiating fares with auto-rickshaws, and facing discomfort are common hurdles. These barriers don't just waste time. They limit education, job opportunities, and access to healthcare. They shrink a woman's world. The new Pink Scooties and planned bus services are a commendable start. They provide safety and dignity. They are a signal that women's mobility matters. This is the foundation of something powerful. But we must think bigger. To truly unlock potential, we should encourage an even more personal tool of freedom: the bicycle. Imagine a Quetta where women and girls can ride bicycles to college, to work, or to the market. The benefits are profound.

First, it is independence. A bicycle does not run on a bus schedule or depend on a driver. It goes where and when the rider decides. This control over one's own movement is a powerful form of autonomy. Bicycles bypass traffic jams. They need no fuel. They make short trips across the city quick and direct. No more waiting at bus stops. The time saved can be spent on studies, family, or rest. Regular cycling builds physical strength and improves mental well-being. It

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 26

is a simple way to stay active in a busy day. Some will worry about safety and tradition. These concerns are valid. But they are not roadblocks. They are design challenges. The government can build on its current initiative. How? Create dedicated, safe cycling lanes on key routes, especially near universities and hospitals. Start public awareness campaigns celebrating women cyclists. Offer subsidized bicycles or easy installment plans for students and working women. Partner with schools and colleges to promote cycling as a smart choice. The police can ensure safe passages. Communities and religious leaders can voice support for this healthy, modest, and economical mode of transport. The goal is to make cycling a normal, accepted, and safe choice.

The provincial government has shown courage with the Pink Scooties scheme. This momentum can grow. By adding a focus on promoting bicycles, we do more than provide transport. We provide empowerment. A bicycle is more than a vehicle. It is a vehicle for change. It is affordable, healthy, and utterly liberating. When a woman can move freely, her talents can flourish. Her economy improves. Her family benefits. The whole society rises. Let Quetta's journey towards inclusive mobility have not just pink buses, but also a sea of bicycles. Let us pedal towards a future where every woman and girl can travel with ease, confidence, and the wind in her hair. Let's build a Balochistan where progress is measured by the freedom of all its people to move.

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 27

Tapping renewable energy

Balochistan is confronting with a severe power crisis that has crippled its economy, particularly the agriculture sector, which is the backbone of the province's economic growth. The power shortage has far-reaching consequences, including food insecurity, unemployment, and stagnation. However, Balochistan is blessed with an abundance of renewable energy resources, including solar and wind power, which can be leveraged to address the power crisis and revitalize the economy. The agriculture sector in Balochistan has been severely impacted by the power shortage, resulting in reduced crop yields, decreased productivity, and economic losses for farmers. The sector's decline has a ripple effect on the entire economy, as agriculture is the primary source of income for a significant portion of the population. The power crisis has also led to water scarcity, as farmers rely heavily on electric pumps for irrigation. World Bank study has suggested Balochistan should harness its vast potential of variable renewable energy (VRE) to create a surplus of electricity that can be exported to other provinces or internationally, reducing its reliance on power imports. The Balochistan Renewable Energy Development Study notes that the existing import connection lines can be used to stabilise the grid, exchange electricity with other countries at a competitive price, and optimise the annual supply mix. Fortunately, Balochistan has immense potential for renewable energy production. The province receives an average of 3,000 hours of sunshine per year, making it an ideal location for solar power generation. Similarly, the coastal areas of Balochistan have strong winds, making wind power a viable option. Investing in renewable energy can help address the power crisis, reduce reliance on fossil fuels, and decrease greenhouse gas emissions. Moreover, renewable energy can generate revenue for the province through power exports to other provinces. The National Electric Power Regulatory Authority (NEPRA) has already approved several renewable energy projects in Balochistan, including solar and wind power plants. However, more needs to be done to tap into the province's vast renewable energy potential. The government must prioritize investments in renewable energy infrastructure, including transmission lines, distribution networks, and storage facilities. Additionally, policies and incentives should be put in place to encourage private sector investment in renewable energy projects. In conclusion, the power crisis in Balochistan is a pressing issue that requires immediate attention. Harnessing renewable energy can help address the crisis, revitalize the agriculture sector, and stimulate economic growth. We hope the government will take concrete steps to invest in renewable energy and unlock Balochistan's vast potential for sustainable development.

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 DEC 2025 Page No 28

سرفراز بگٹی کی حکومت بلوچستان میں:

بلوچستان، پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ رقبے کے لحاظ سے اور وسائل کے اعتبار سے سب سے زیادہ مالا مال علاقہ، طویل عرصے سے حکومت، سلامتی، اقتصادی ترقی، اور عوامی اعتماد کے مسائل کا شکار رہا ہے۔ برسوں کی سیاسی بے یقینی اور ترقیاتی رکاوٹ کے بعد، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت ایک نئے باب کی نمائندگی کرتی ہے—ایسا باب جو ایک مضبوط 'ریاستی بیانیہ''، ادارہ جاتی مضبوطی، اور صوبے کے مستقبل کو بدلنے والے مخصوص سماجی واقتصادی اقدامات پر مبنی ہے۔

مارچ 2024 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد، سرفراز بگٹی نے صوبائی حکومت کی قیادت اس واضح اصول کے تحت کی ہے کہ استحکام، پائیدار گورننس، عوامی خدمت، اور شمولیتی ترقی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ یہ حکمت عملی ماضی کے مختصر المدتی منصوبہ بندی کے مقابلے میں ایک مربوط اور مستقل حکمت عملی کی عکاس ہے جو بلوچستان میں موجود دیرپا مسائل کے حل کی کوشش کرتی ہے۔

ریاستی بیانیہ اور حکمرانی کا فلسفہ

بگٹی کے حکومتی ماڈل کی بنیاد ریاستی بیانیہ پر ہے جو قانون کی حکمرانی، آئینی اختیار، اور ادارہ جاتی مضبوطی پر مبنی ہے—اس کا مقصد یہ ہے کہ عوام کو حکومت کے نظام پر اعتماد واپس آئے۔ برسوں کی انتظامی بے یقینی کے بعد، بگٹی کی قیادت میں صوبہ استحکام، واضح پالیسیوں، اور ریاستی حاکمیت کے متوازن نفاذ کو ترجیح دے رہی ہے تاکہ تمام اضلاع میں دیرپا امن اور ترقی ممکن ہو۔

یہ بیانیہ ماضی کی غیر یقینی صورتحال کو بدلتا ہے اور ریاست کے کردار کو صرف اختیار رکھنے والے کے طور پر نہیں بلکہ تحفظ، انصاف، اور مساوی خدمات فراہم کرنے والے کے طور پر پیش کرتا ہے۔ بلوچستان کی قیادت نے یہ بھی یقینی بنایا کہ ترقی صرف علامتی نہ ہو بلکہ پائیدار راستے پر ہو۔

پاکستان پیپلز پارٹی کی حالیہ فیصلہ کہ بلوچستان کی قیادت میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے، اس اعتماد کا مظہر ہے جو بگٹی کی حکمت عملی اور قیادت میں رکھا گیا ہے۔

قانون اور نظم ونسق میں بہتری

سیکیورٹی اور عوامی تحفظ بگٹی حکومت کی اولین ترجیح رہے ہیں۔ اگرچہ چیلنجز موجود ہیں، لیکن سول انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کے درمیان بہتر رابطے کے نتیجے میں امن و امان کی صورتحال میں واضح بہتری دیکھنے کو ملی ہے۔

خلیل احمد، روزنامہ 92 نیوز

حکومت کی کوشش رہی کہ سیکیورٹی کو محض ادارہ جاتی ہدف نہ بنایا جائے بلکہ یہ شہری اعتماد، سرمایہ کاری، اور مجموعی ترقی کے لیے بنیادی شرط ہو۔

تعلیم اور نوجوانوں کی ترقی

بگٹی کی قیادت میں سب سے نمایاں کامیابی بلوچستان کے تعلیمی شعبے کی بحالی رہی ہے۔ حکومت نے 3,200 غیر فعال اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا اور تقریباً 16,000 اساتذہ کی میرٹ کی بنیاد پر بھرتی کی تاکہ تعلیمی معیار اور شفافیت میں اضافہ ہو۔ تعلیم کے ساتھ خواتین اور نوجوانوں کی بااختیاری کے پروگرام بھی متعارف کروائے گئے۔

سماجی شمولیت اور پالیسی اصلاحات

حکومت نے اقلیتی فلاح کے لیے فنڈز کا قیام اور صوبے کی پہلی ٹرانس جینڈر پالیسی منظور کی تاکہ سماجی شمولیت کو فروغ دیا جاسکے۔ اس کے ساتھ ہی انسانی حقوق کی تنظیموں کے ساتھ تعاون کر کے بلوچستان کے مسائل اور تاریخ کے حقائق کی بنیاد پر مثبت بیانیہ پیش کیا گیا۔

ترقیاتی منصوبے اور اقتصادی اقدامات

بگٹی حکومت نے شہری اور دور دراز علاقوں میں ترقی کو فروغ دینے کے لیے متعدد اقدامات کیے۔ نئے مالی سال میں 50 ارب روپے کی ترقیاتی رقم جاری کی گئی تاکہ انفراسٹرکچر، سڑکیں، پانی، صحت، اور تعلیم کے منصوبے تیز رفتاری سے مکمل کیے جاسکیں

سوی ماسٹر پلان کے تحت مقامی کمیونٹی کو براہ راست فائدہ پہنچانے والے منصوبے شروع کیے گئے، خاص طور پر سوی گیس فیلڈز کے اردگرد کے علاقے۔ صنعتی وتجارتی مواقع کے فروغ کے لیے بین الاقوامی سرمایہ کاری کو بھی مدنظر رکھا گیا۔

ماحولیاتی اور پائیدار ترقی کے اقدامات

حکومت نے بلوچستان کا پہلا کلائمیٹ چینج فنڈ قائم کیا، جس کا مقصد ماحولیاتی تحفظ اور وسائل کی پائیدار ترقی ہے۔ یہ منصوبہ صوبے میں طویل المدتی ماحولیاتی منصوبہ بندی کی بنیاد فراہم کرے گا۔

صحت اور پولیو کے خاتمے کی کوششیں

صوبائی حکومت نے صحت کے شعبے میں بھی اقدامات کیے، بشمول پولیو کے خاتمے کے لیے قومی مہم میں حصہ لینا۔ حکومت نے صحت کی سہولتیں دور دراز علاقوں تک پہنچانے کے لیے اقدامات کیے تاکہ شہریوں کو بنیادی صحت کی خدمات دستیاب ہوں۔

گورننس اصلاحات اور شفافیت

بگٹی حکومت نے شفافیت اور میرٹ پر مبنی گورننس کے لیے اقدامات کیے، جیسے مالیاتی نظام کی ڈیجیٹلائزیشن، نگرانی کے مضبوط ادارے، اور افسران کی کارکردگی کی بنیاد پر جوابدہی۔ یہ اقدامات عوام کے اعتماد کو بڑھانے اور خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کی غرض سے کیے گئے۔

چیلنجز اور مستقبل

اگرچہ ترقیاتی اقدامات میں بہتری آئی ہے، لیکن غربت، بے روزگاری، اور گزشتہ دہائیوں کی محرومی کو فوری طور پر ختم نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم، سیاسی استحکام اور حکومتی قیادت کی مستقل مزاجی مستقبل میں ترقی کی بنیاد فراہم کرتی ہے۔

نتیجہ

سرفراز بگٹی کے تقریباً 19 ماہ کے دور میں بلوچستان میں ریاستی بیانیہ اور ترقیاتی اقدامات ایک نئے باب کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اسکولوں کی بحالی، صحت کی سہولتوں کی فراہمی، سماجی شمولیت، اور ماحولیاتی تحفظ جیسے اقدامات صوبے کی ترقی میں سنگِ میل ثابت ہوسکتے ہیں۔

اگر شفافیت، جوابدہی، اور عوامی شمولیت کے ساتھ یہ حکمت عملی جاری رہی تو بلوچستان کا مستقبل زیادہ مستحکم، ترقی یافتہ، اور امید افزا بن سکتا ہے—ایسا مستقبل جو غفلت یا تضاد سے پاک ہو بلکہ مواقع، ترقی، اور اعتماد پر مبنی ہو۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 DEC 2025 Page No. 29

نوجوان کھلاڑی حکومت اور سپورٹس حکام کی توجہ سے محروم کیوں۔۔؟

تحریر: عابد عمر

کل اسپورٹس کے حوالے سے ہمارا وزٹ ایک یادگاری حیثیت رکھتا ہے۔ جب میں گھر سے نکلا تو فوراً اپنے دوست شاہنواز خان لانگو سے فون پر رابطہ کیا، جن کے ہمراہ محمد قاسم لانگو بھی موجود تھے۔ ہم تینوں نے مل کر سریاب کے مختلف اسپورٹس مقامات کا دورہ کیا تاکہ وہاں موجود نوجوانوں کے حالات کا قریب سے جائزہ لیا جا سکے۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ سریاب کے نوجوان کھلاڑی آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، مگر اس کے باوجود ان کا حوصلہ اور جذبہ قابلِ داد ہے۔ سب سے پہلے ہم نے بلوچستان لائبریری کا دورہ کیا۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہاں طلبہ کے لیے ایسی سہولیات موجود نہیں تھیں کہ وہ بیٹھ کر مطالعہ کر سکیں۔ لائبریری میں صرف ایک طالب علم موجود تھا۔ سردی کی شدت کے باعث طلبہ کی آمد نہ ہونے کے برابر تھی، مگر یہ بات طے ہے کہ اگر سہولیات فراہم کی جائیں تو طالب علم ضرور علم کی طرف راغب ہوں گے۔ اس کے بعد ہم نے بلوچستان باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن کا وزٹ کیا۔ کلب میں تمام کھلاڑی اپنے کھیل میں مصروف نظر آئے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وسائل کی کمی کے باوجود جذبہ زندہ ہے۔ تاہم یہاں سب سے بڑا مسئلہ بجلی کی عدم دستیابی تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ جونا سٹک اور تربیتی سامان کی کمی بھی واضح تھی۔ کھلاڑیوں کے چہروں پر مایوسی ضرور تھی، مگر آنکھوں میں آگے بڑھنے کی امید بھی جھلک رہی تھی۔ بعد ازاں ہم نے فاطمہ گراؤنڈ کا دورہ کیا، جہاں کھلاڑی کھیل میں مصروف تھے اور ایک دوسرے کو چیئرنگ کرتے ہوئے اپنی مہارت کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ گفتگو کے دوران کھلاڑیوں نے بتایا کہ گراؤنڈ میں بجلی کا شدید مسئلہ ہے، شام کے بعد کھیلنا دشوار ہو جاتا ہے جبکہ پانی کی سہولت بھی دستیاب نہیں۔ یہ مسائل ان کے کھیل کے راستے میں بڑی رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ یقیناً ہمارے نوجوان کھلاڑی اپنے کھیل کے ذریعے ملک و قوم کا نام روشن کرنا چاہتے ہیں، مگر افسوس کہ وہ ہر بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ اگر آج ہم نے ان نوجوانوں کی آواز نہ سنی اور ان میدانوں کو آباد نہ کیا تو آنے والا کل ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گا۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 23 DEC 2025 Page No.

بیکو: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ان کے کزن وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر مختلف شخصیات فاتحہ خوانی کر رہی ہیں

بیکو: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اپنے والد میر عبدالقادر بگٹی کی قبر پر فاتحہ پڑھ رہے ہیں

Scanned with CamScanner